## ایم کیوایم کی تمام تر کامیابیاں تحریک کے شہیدوں کی عظیم قربانیوں کی بدولت ہیں۔الطاف حسین

## آج اگر ملک کے چپہ چپہ میں ایم کیوایم کا نام اور پیغام پھیل رہاہے تو وہ انہی شہیدوں کی قربانیوں کی مرہونِ منت ہے

## ہمیں یقین ہے کہ ہمارے شہیدوں کا خون رنگ لائے گا اور تحریک اپنے مشن ومقصد میں ضرور کامیاب ہوگی

## تحریک کے کارکنان وعوام اپنے شہیدوں کو کسی بھی موقع پر فراموش نہ کریں۔یوم شہداء کے موقع پر پیغام

لندن۔۔۔8 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ایم کیوایم کی تمام تر کامیابیاں تحریک کے شہیدوں کی عظیم قربانیوں کی بدولت ہیں جنہیں کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکے گا۔یوم شہداء کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ 11 جون 1978ء کو جامعہ کراچی میں طلبہ کی سطح پر وجود میں آنے والی ہماری تحریک نے اپنی 32 سالہ جدوجہد کے دوران کئی بار آگ اور خون کے دریا عبور کئے ،ریاستی جبر ،ظلم وبربریت اور طرح طرح کی سازشوں کا سامنا کیا ،اس دوران تحریک کے ہزاروں کارکنوں اور رہنماؤں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور تحریک کو زندہ رکھا۔انہوں نے شہیدوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے ان شہیدوں نے قربانیوں کی ایسی لازوال داستان رقم کی ہے جسے کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج اگر ملک کے چپہ چپہ میں ایم کیوایم کا نام اور پیغام پھیل رہاہے تو وہ انہی شہیدوں کی قربانیوں کی مرہونِ منت ہے۔ہمیں یقین ہے کہ ہمارے شہیدوں کا خون رنگ لائے گا اور تحریک اپنے مشن ومقصد میں ضرور کامیاب ہوگی۔انہوں نے تحریک کے تمام کارکنوں ،ذمہ داروں ،ماؤں ،بہنوں ،بزرگوں سے کہا کہ اپنے شہیدوں کو کسی بھی موقع پر فراموش نہ کریں اور انہیں ہمیشہ یادرکھیں۔

## خیبرایجنسی کی تحصل وادی تیراہ کے بازار میں بم دھماکہ دہشت گردوں کی کھلی درندگی اور بربریت ہے،الطاف حسین

## دھماکے میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔8،دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خیبر ایجنسی کی تحصیل تیراہ کے بازار میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے دہشت گردوں کی بزدلانہ اور سفاکانہ کارروائی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بازاروں ،مساجد ،امام بارگاہوں ،درگاہوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے دہشت گرد درندگی اور بربریت کا کھلا مظاہرہ کررہے ہیں اور ملک وقوم کی سالمیت کے درپے ہیں۔انہوں نے کہا کہ خیبر ایجنسی کی تحصیل تیراہ کے بازار میں بم دھماکہ کرنے والے دہشت گرد محرم الحرام میں خوف وہراس پھیلانا چاہتے ہیں اور مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضا کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری ،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ خیبر ایجنسی کی تحصیل وادی تیراہ کے بازار میں بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مزید سخت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے بم دھماکے میں متعدد افراد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## سرائیکی رہنماء بیرسٹر تاج محمد لنگا کی سربراہی میں نمائندہ وفد کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔۔8دسمبر 2010ء

سرائیکی رہنماء بیرسٹر تاج محمد لنگا کی سربراہی میں ایک نمائندہ وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور واسع جلیل سے ملاقات کی اور ایم کیوایم کے سابق کنوینر اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی اور کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ملاقات میں بیرسٹر تاج محمد لنگا نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت افسوسناک واقعہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ برطانوی حکومت اور اسکاٹ لینڈ پولیس جلد قاتلوں کو گرفتار کرکے انہیں بے نقاب کرے گی اور کیفرِ کردار تک پہنچائے گی۔انہوں نے شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے سوگواران اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے مکمل ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے تحت یوم شہداآج ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کرینگے

## قرآنی خوانی کا مرکزی اجتماع جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا

کراچی۔۔۔8دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام یوم شہداء9،دسمبر بروز جمعرات انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا۔اس سلسلے میں کراچی سمیت ملک بھر میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید،بھتیجے عارف حسین شہیداورتمام حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآنی خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے اورشہداءکوزبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔اس سلسلے کا مرکزی اجتماع جناح گراؤنڈعزیز آباد میں یادگارشہداء پر منعقد ہوگا۔یوم شہداء کے اجتماع کے شرکاء سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کرینگے۔اجتماع میں شہداء کے لواحقین،رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست سینیٹرز،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،، کارکنان وعوام بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔جناح گراؤنڈعزیز آباد میں یوم شہداء کے انتظامات کو حتمی شکل دی جاچکی ہیں جبکہ پروگرام کے حوالے سے ترتیب دی جانیوالی کمیٹیوں کی ذمہ داریاں متعین کردی گئیں ہیں۔دریں اثناءمتحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزانیس احمد قائم خانی ودیگرارکان رابطہ کمیٹی نے بدھ کے روزیادگارِشہداءحق جناح گراؤنڈکادورہ کیااورانتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے یوم شہداء کے اجتماع کے سلسلے میں مصروف کارکنان وذمہ داران سے ملاقاتیں کی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انہیں خراج تحسین اورشاباش دی۔

## محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام کیلئے ایم کیوایم نے علمائے کرام سے رابطوں کا سلسلہ شروع کردیا

## علامہ ڈاکٹرجمیل راٹھور،علامہ اکرام ترمذی اورعلامہ اظہرحسین نقوی سے رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری اوررضاہارون کی ملاقاتیں

کراچی۔۔۔8دسمبر2010ء

اسلامی سال کے پہلے ماہ محرم الحرام کے آغاز کے ساتھ ہی متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اورقیام امن کیلئے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے رابطوں کا سلسلہ شروع کردیا گیاہے۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری اوررضاہارون نے ڈائریکٹرحضرت کرماں والا اسلامک اکیڈمی علامہ ڈاکٹرجمیل راٹھور،علامہ اکرام ترمذی اورعلامہ اظہرحسین نقوی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اورانہیں محرم الحرام کے موقع پرقیام امن اورفرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کی کاوشوں سے آگاہ کیااورتعاون کی اپیل کی۔اس موقع پرحق پرست صوبائی وزراءعبدالحسیب،خالد بن ولایت،حق پرست رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف،ایم کیوایم کی علماءکمیٹی کے انچارج جاویداحمداوراراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں علمائے کرام نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے بات چیت کرتے ہوئے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اورقیام امن کے سلسلے میں ایم کیوایم کی کاوشوں کوسراہااورایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہاکہ قائدتحریک جناب الطاف حسین واحدسیاسی رہنماء ہیں جوہمیشہ تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اورعوام کے درمیان باہمی اتحاداورفرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضاء کے قیام کیلئے اپنی عملی خدمات پیش کررہے ہیں۔ملاقات میں علمائے کرام نے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی،بھائی چارے اوراتحاد کی فضاکوبرقراررکھیں اورسازشی عناصرپرکڑی نظررکھیں۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے محرم الحرام میں امن وامان اورفرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے باہمی اتحاداوررابطوں کی ضرورت پرزوردیا۔اس موقع پرعلمائے کرام نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر،صحت وتندرستی اورناگہانی آفات سے بچاؤ کیلئے خصوصی دعابھی کی۔

## باشعور نوجوان طلباء کو وڈیروں، جاگیرداروں اور سرداروں کی غلامی سے آزادی کیلئے جدید علم سے خود کو ہم کنار کرنا ہوگا، دانش احمد

## طلباء نے ہمیشہ پاکستان کی آزادی میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے اور آج پاکستان کو بچانے کیلئے طلباء کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، شبیر علی بابر

## میرپورخاص سیکٹر کے دورے موقع پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی جوائنٹ سیکریٹری اور مرکزی نشر و اشاعت سیکریٹری کا کارکنان سے گفتگو

میرپورخاص۔۔۔8دسمبر2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ کے جوائنٹ سیکریٹری دانش احمد نے کہا ہے کہ بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین نے باشعور نوجوان طلباء جو حصول علم کی ترویج کا درس دیا ہے لہٰذا تمام کارکنان پر لازم ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے میرپورخاص سیکٹر اور اس سے ملحقہ سرکلز میرواہ گورچانی اور کوٹ غلام محمد کے تنظیمی دورے کے موقع پر اے پی ایم ایس او کے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشر و اشاعت سیکریٹری شبیر علی بابر اور میرپورخاص سیکٹر کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ علم سے دور رہنے اور لاشعوری کی زندگی گزارنے کی وجہ سے ہی جاگیردار طبقہ ہمیشہ سے ہاریوں، کسانوں اور مزدوروں کو اپنا غلام بناتا چلا آیا ہے لیکن اب طلباء کو وڈیروں، جاگیرداروں اور سرداروں کی غلامی سے آزادی کیلئے جدید علوم سے ہم کنار کرنا ہوگا کیونکہ حصول علم کے ذریعے غلامی سے آزادی حاصل کی جاسکتی ہے۔علاوہ ازیں شبیر علی بابر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کو طلباء سے بہت سی اُمیدیں وابستہ ہیں کیونکہ طلباء نے پاکستان کی آزادی میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے اور آج پاکستان کو بچانے کیلئے طلباء کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اے پی ایم ایس او کے مثالی نظم و ضبط کو قائم رکھتے ہوئے تحریکی کام کو مزید آگے بڑھائیں اور بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام کو زیادہ سے زیادہ عام طلباء تک پہنچائیں۔

## کراچی میں جرائم کی وارداتیں ملک بھر کے محبّ وطن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے، رابطہ کمیٹی

## اغواء برائے تاوان، لوٹ مار، ڈکیتیوں، تاجروں، صنعتکاروں سے بھتہ کی وصولی اور دیگر جرائم کی وارداتوں پر اظہار تشویش

کراچی۔۔۔8دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شہر میں اغواء برائے تاوان، لوٹ مار، ڈکیتیوں، تاجروں، صنعتکاروں سے بھتہ کی وصولی اور جرائم کی غیر معمولی بڑھتی ہوئی دیگر وارداتوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے اور عوام کی جان و مال کا تحفظ ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر کراچی ملک کی معاشی اور اقتصادی ترقی کا مرکز اور محور ہیں اور یہاں مختلف جرائم کی وارداتوں کا ہونا ملک بھر کے پرامن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سانحہ شیر شاہ کباڑی مارکیٹ کے رونما ہونے کے باوجود شہر میں جرائم پیشہ عناصر کھلے عام دندناتے پھر رہے ہیں ایسا لگتا ہے کہ ایک منظّم سازش کے تحت پاکستان کے سب سے بڑے صنعتی شہر کو جرائم پیشہ عناصر کے حوالے کر دیا ہے جو انتہائی تشویش ناک بات ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ شہر کراچی میں جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کی سرکوبی کی جائے، قانون نافذ کرنے والے اداروں میں موجود ایسی کالی بھیڑوں کا محاسبہ کیا جائے جو جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کی سرپرستی کر رہی ہیں اور انہیں مدد و تعاون فراہم کر رہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ سندھ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ شہر کراچی میں جرائم کی وارداتوں میں ملوث مختلف گروہوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں جائے اور عوام کو سماج دشمن عناصر سے نجات دلانے کیلئے فوری طور پر غیر معمولی مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## حکومت آر جی ایس ٹی بل پر نظر ثانی کر کے عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق فیصلے کرے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔۔8 دسمبر 2010ء

حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے حکومت کی جانب سے آر جی ایس ٹی کے نفاد سے عوام میں بڑھتی ہوئی بے چینی اور پریشانی پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست ارکان اسمبلی نے کہا ہے کہ اشیاء خوردنوش اور روزمرہ استعمال کی دیگر ضروریات زندگی پر اضافی ٹیکس لگا کر تنخواہ دار ملازمین اور عوام کو فاقہ کشی کرنے پر مجبور کردیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ عوام نے مہنگائی کے اس دور میں حکومت کی جانب سے عوام دشمن بل آر جی ایس ٹی کو مسترد کردیا ہے اور اس کی شدید مخالفت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اور ایسے میں آج جو گھی، تیل، چینی اور دیگر اشیاء کے نرخوں میں اضافہ کیا گیا وہ غریب عوام کی قوت خرید اور پہنچ سے دور ہے۔حق پرست ارکان قوی اسمبلی نے کہا کہ ملکی موجود معاشی وتجارتی سرگرمیاں مہنگائی کے سبب عدم استحکام کا شکار ہوچکی ہیں جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ آر جی ایس ٹی بل کو ملک بھر کے عوام نے حکومت کی جانب سے ظلم قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت آر جی ایس ٹی بل پر نظر ثانی کر کے عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق فیصلے کرے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے مثبت اور ٹھوس حکمت عملی ترتیب دے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے وفد کا دورہ جامعہ نعیمہ، محرم الحرام میں فرقہ ورانہ ہم آہنگی اور بھائی چارہ برقرار رکھنے کے لیے مولانا راغب نعیمی سے ملاقات

لاہور۔۔۔8 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کے وفد نے مولانا سرفراز نعیمی کے بیٹے مہتمم جامعہ نعیمہ مولانا راغب نعیمی سے ان کے مدرسہ جامعہ نعیمہ میں ملاقات کی اور شہر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارگی کے فروغ کے لیے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا خصوصی پیغام دیا۔اس موقع پر مولانا راغب نعیمی نے محرم الحرام میں قیام امن، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارگی کے فروغ کے لیے الطاف حسین کی کاوشوں کو سراہا انہوں نے فرقہ ورانہ ہم آہنگی اور بھائی چارگی کے فروغ کے لیے اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی ۔بعدازاں وفد نے مولانا سرفراز نعیمی شہید کی قبر پر فاتحہ خوانی کی اور ان کے بلند درجات کے لیے دعا کی۔وفد میں رکن رابطہ کمیٹی سیف یار خان انچارج لاہور زون شاہین انور اگیلانی ممبر لاہور زون فیصل فجاج ڈار، ملک ہمایوں، ڈسٹرک انچارج میاں طاہر محمود، منیر احمد جوائنٹ انچارج، ممبر ڈسٹرک کمیٹی اعظم دانیال، ڈاکٹر عبدالغفار نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆